29-09-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔سابق صدر جمہوریہ رام ناتھ کووند نے حیدرآباد کے راج بھون میں گورنر شیو پرتاپ شکلا سے ملاقات کی جہاں گورنر نے شال اور یادگاری تحفہ پیش کرتے ہوئے ان کا گرمجوشی سے استقبال کیا۔

۲۔تلنگانہ ہائی کورٹ نے ڈی جی پی کو ہدایت دی ہے کہ اسمبلی واقعہ کے دوران خواتین ارکان اسمبلی کے ساتھ بدسلوکی کرنے والے پولیس اہلکاروں کی نشاندہی کرکے اسپیکر کو تفصیلی رپورٹ پیش کی جائے۔

۳۔مرکزی مملکتی وزیر برائے داخلہ بنڈی سنجے کمار نے انتخابی شکست کے لئے ای وی ایم اور الیکشن کمیشن کو ذمہ دار ٹھہرانے پر کانگریس پارٹی کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا اور ایس آئی کے عمل کا دفاع کیا۔

۴۔وزیر سیاحت وثقافت جوپلی کرشنا راؤ نے تلنگانہ سکریٹریٹ کے ملازمین کو ذہنی دباؤ کم کرنے اور کام کی جگہ پر تخلیقی صلاحیتوں کو فروغ دینے کیلئے کھیل، فنون اور ثقافتی سرگرمیوں میں حصہ لینے کی ترغیب دی۔

اور

۵۔بی آر ایس لیڈر ہریش راؤ نے عدالت کی ہدایات کے باوجود کوڑنگل کے مدور علاقہ میں غریب مکینوں کے مکانات کو بغیر پیشگی اطلاع منہدم کئے جانے پر وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا۔

GOVERNOR - KOVIND:

سابق صدر جمہوریہ رام ناتھ کووند نے منگل کے روز حیدرآباد میں واقع راج بھون میں گورنر شیوراج پرتاپ شکلا سے ملاقات کی۔گورنر نے گرمجوشی کے ساتھ ان کا استقبال کیا۔ملاقات کے دوران سابق صدر نے اپنی خودنوشت

Triumph of the Indian Republic: My Life, My Struggles

کی ایک کاپی گورنر کو پیش کی جس میں انہوں نے اپنی زندگی کے سفر اور عوامی خدمت کے تجربات کو قلمبند کیا ہے۔

Desk

HIGH COURT

تلنگانہ ہائی کورٹ نے اسمبلی میں پیش آنے والے واقعہ کے سلسلہ میں اہم احکامات جاری کرتے ہوئے ڈی جی پی کو ہدایت دی ہے کہ وہ ان پولیس افسران کی نشاندہی کریں جنہوں نے خواتین ارکان اسمبلی کے ساتھ مبینہ طور پر بدسلوکی کی اور ضروری کارروائی کے لئے اسپیکر کو جامع رپورٹ پیش کریں۔ تاہم عدالت نے واضح کیا کہ اگر پولیس افسران نے اسپیکر کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے کارروائی کی تھی تو یہ معاملہ براہِ راست اسپیکر کے دائرہ اختیار میں آتا ہے۔

PTC/HYD

PONNAM

ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے وزیراعلیٰ اے ریونت ریڈی کے آئندہ کریم نگر دورہ کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ وزیراعلیٰ نئے انٹی گریٹیڈ کلکٹریٹ کا افتتاح، تلنگانہ تلی کے مجسمہ کی نقاب کشائی اور مختلف ترقیاتی منصوبوں کے سنگ بنیاد رکھیں گے۔ بعدازاں وزیراعلیٰ سرسلہ کا دورہ کریں گے جہاں وہ ایک جلسہ سے خطاب کرنے کے ساتھ عوامی مسائل پر بھی بات کریں گے۔ خاص طور پر لوم ورکرس کو حکومت کی جانب سے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی جائے گی۔

Desk/ Concerned PTC

SLBC TUNNEL

تلنگانہ حکومت نے ایس ایل بی سی ٹنل کی تعمیر میں تیزی لانے اور میڈی گڈہ، انارم اور سندیلا بیراجوں میں بحالی کے کام کو مزید مضبوط بنانے کے لئے فوج کے تین انجینئرنگ افسران کو تعینات کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ آبپاشی کے وزیر این اتم کمار ریڈی کی جانب سے آرمی چیف جنرل دھیرج سیٹھ سے درخواست کے بعد آرمی ہیڈکوارٹرس نے تکنیکی مہارت فراہم کرنے اور کام کے اعلیٰ معیار کو یقینی بنانے کے لئے تین افسران کے نام تجویز کئے ہیں۔

Desk

MAHESH GOUD

ٹی پی سی سی صدر مہیش کمار گوڑ نے کانگریس کارکنوں، قائدین اور عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ کل راجنا سرسلہ میں وزیراعلیٰ اے ریونت ریڈی کے عوامی جلسہ کو کامیاب بنانے کے لئے بھرپور تعاون کریں۔ انہوں نے کسانوں، بنکروں اور خواتین کے لئے حکومت کی ترقیاتی اور فلاحی اقدامات کو اجاگر کرتے ہوئے سابق کریم نگر ضلع کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے پارٹی قائدین پر زور دیا کہ وہ مؤثر تال میل کے ساتھ زیادہ سے زیادہ لوگوں کی شرکت یقینی بنائیں۔

Desk

HARISH RAO:

سابق وزیر اور بی آر ایس کے ڈپٹی فلور لیڈر ہریش راؤ نے کوڑنگل کے مدور میں غریب خاندانوں کے مکانات کو بغیر پیشگی اطلاع اور عدالتی احکامات کی پابندی کے اچانک منہدم کئے جانے پر وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا۔ متاثرین کے ساتھ انصاف کا مطالبہ کرتے ہوئے ہریش راؤ نے 2013 کے حصولِ اراضی قانون کے تحت متاثرہ خاندانوں کو فوری معاوضہ اور مناسب بازآبادکاری فراہم کرنے کا مطالبہ کیا۔

Desk

BJP SC MORCHA

بی جے پی ایس سی مورچہ کے ریاستی صدر کانتی کرن کی قیادت میں بی جے پی ایس سی مورچہ نے ایس سی کارپوریشن کے ایگزیکٹو ڈائرکٹر کے دفتر کے سامنے احتجاج کیا۔ مظاہرین نے درج فہرست ذاتوں کی ترقیاتی فنڈ کے تحت مختص تمام فنڈس فوری جاری کرنے کا مطالبہ کیا۔ سکندرآباد مہانکالی، بھاگیہ نگر اور گولکنڈہ اضلاع کی ٹیموں نے بھی احتجاج میں بھرپور شرکت کی اور حکام پر مالی مطالبات حل کرنے کے لئے دباؤ ڈالا۔

Desk

RAMCHANDER RAO

بی جے پی تلنگانہ کے صدر این رام چندر راؤ نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی پر ہندو دیوتاؤں کے بارے میں مبینہ طور پر سماج کو تقسیم کرنے اور ووٹ بینک کی سیاست کے لئے متنازع تبصرے کرنے پر سخت تنقید کی۔ انہوں نے وزیراعلیٰ سے غیر مشروط معافی کا مطالبہ کرتے ہوئے منڈل مراکز پر ملک گیر احتجاج کا اعلان کیا۔ راؤ نے کانگریس قیادت پر الیکشن کمیشن جیسے آئینی اداروں کو بدنام کرنے کی کوشش کا بھی الزام عائد کیا۔

Desk

PONGULETI

تلنگانہ کے ہاؤسنگ وزیر پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے حیدرآباد کے ناملی میں اندراما ٹاورس کا سنگ بنیاد رکھا۔ انہوں نے وعدہ کیا کہ ایک سال کے اندر 480 منتخب مستحقین کو مکانات کی چابیاں حوالہ کر دی جائیں گی۔ غریب خاندانوں کے اپنے گھر کے خواب کو پورا کرنے کے حکومت کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ روزگار کے مقامات کے قریب قیمتی سرکاری اراضی پر معیاری بلند عمارتوں میں فلیٹس تعمیر کیئے جائیں گے اور ان کی رجسٹریشن مفت ہوگی۔

Desk

JUPALLY

حیدرآباد میں منعقدہ سکریٹریٹ کلچرل فیسٹیول سے خطاب کرتے ہوئے وزیر سیاحت و ثقافت جوپلی کرشنا راؤ نے سرکاری ملازمین کو اپنی ذمہ داریوں کے ساتھ کھیل، فنون اور ثقافتی سرگرمیوں میں بھی حصہ لینے کی ترغیب دی۔ انہوں نے کہا کہ اس سے ذہنی دباؤ کم کرنے اور تخلیقی صلاحیتوں کو فروغ دینے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ملازمین کی فلاح و بہبود کا براہِ راست اثر حکمرانی کے معیار پر پڑتا ہے اور یقین دلایا کہ محکمہ ثقافت ملازمین کی فلاح و بہبود اور ثقافتی سرگرمیوں کے لئے مکمل تعاون فراہم کرے گا۔

Desk

Rajanna Sircilla

ٹرانسپورٹ اور بی سی ویلفیئر کے وزیر پونم پربھاکر نے راجنا سرسلہ ضلع کے تھنگلاپلی میں واقع مرکزی ودیالیہ کا دورہ کیا۔ انہوں نے اپنے رکن پارلیمنٹ کے دورکار میں منظور کئے گئے کلاس رومز کا معائنہ کیا، طلبہ سے بات چیت کی اور مٹھائیاں تقسیم کیں۔ وزیر نے طلبہ کو تعلیم، کھیل اور ثقافتی سرگرمیوں میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کی ترغیب دیتے ہوئے ان کی زندگی میں مزید بلندیوں تک پہنچنے کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

PTC/RS

Wanaparthy

ونپرتی ضلع کلکٹر آدرش سوربھ نے یکم نومبر 2023 سے قبل گریجویشن مکمل کرنے والے افراد سے اپیل کی ہے کہ وہ محبوب نگر، رنگاریڈی، حیدرآباد گریجویٹ ایم ایل سی حلقہ کی ووٹر فہرست میں اپنا نام درج کرائیں۔ انہوں نے کہا کہ فارم 18 کے ذریعہ آن لائن یا تحصیلدار دفاتر میں 6 نومبر تک رجسٹریشن کرایا جاسکتا ہے۔

PTC/WPY

jangoan

سابق ڈپٹی چیف منسٹر اور اسٹیشن گھن پور کے رکن اسمبلی کڈیم سری ہری نے ونپرتی اور کوتہ پلی دیہات میں سی سی سڑک اور اندراما ہاؤسنگ منصوبوں کا آغاز کیا۔ انہوں نے بی آر ایس اور بی جے پی کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ انہیں ووٹ مانگنے کا اخلاقی حق نہیں ہے۔ انہوں نے علاقہ میں جاری اہم ترقیاتی اقدامات، بشمول دیوادولا پروجیکٹ اور مجوزہ سڑکوں کے بنیادی ڈھانچہ کا بھی ذکر کیا۔

PTC/JGN

Nirmal

نرمل ضلع کلکٹر بھاویش مشرا نے خانہ پور سرکاری اسپتال کا اچانک معائنہ کیا اور مریضوں کو معیاری طبی خدمات کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے محکمہ صحت کے حکام کو ہدایات دیں۔ انہوں نے اسپتال کے اطراف صفائی اور ریکارڈ کی مناسب دیکھ بھال پر زور دیتے ہوئے صفائی اور اسپتال کے انتظام میں غفلت برتنے پر سخت کارروائی کا انتباہ دیا۔

PTC/NRML

Jogulamba Gadwal

جوگولامبا گدوال ضلع کے محکمہ حیوانات کے افسر وینکٹ نارائنا نے منوپاد منڈل کے جلاپورم گاؤں میں بھیڑ اور بکری پالنے والوں کے لئے حکومت کی نئی انشورنس اسکیم سے متعلق بیداری پیدا کی۔ انہوں نے مویشی مالکان کو مشورہ دیا کہ وہ مقررہ فیس ادا کر کے اپنے جانوروں کا انشورنس کرائیں اور مالی نقصانات سے بچاؤ کے لئے ان کی ٹیگنگ بھی کروائیں۔

PTC/J.GWL

FLIGHT

جی ایم آر حیدرآباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ نے سنٹرم ایئر کے ذریعہ ازبکستان کے شہر تاشقند کے لئے براہِ راست پروازیں شروع کردی ہیں۔ اس کے ساتھ ہی جنوبی ہند سے وسطی ایشیا کے لئے پہلی براہِ راست فضائی رابطہ سروس قائم ہوگئی ہے۔ نئی پرواز ہفتہ میں دو مرتبہ چلائی جائے گی اور اس کے ذریعہ حیدرآباد سے بین الاقوامی مقامات کی تعداد بڑھ کر 27 ہوگئی ہے۔ اس سروس سے کاروبار، طبی سیاحت اور تجارتی روابط کو فروغ ملنے کی توقع ہے۔

Desk

Asifabad

آصف آباد ضلع کلکٹر کے ہریتا نے جینور پرائمری ہیلتھ سینٹر کے اچانک معائنہ کے دوران بڑی مقدار میں زائد المیعاد ادویات موجود پائے جانے پر عملہ پر برہمی کا اظہار کیا۔ انہوں نے مستقبل میں ایسی غفلت پر سخت کارروائی کا انتباہ دیتے ہوئے عملہ کو ہدایت دی کہ مریضوں کو سرکاری طور پر مفت فراہم کی جانے والی ادویات بروقت تقسیم کی جائیں تاکہ ادویات ضائع ہونے سے بچ سکیں۔

PTC/K.ASF

Yadadri

یادادری بھونگیر ضلع میں بی بی نگر اور گھٹکیسر ریلوے اسٹیشنوں کے درمیان کونڈا مادوگو کے قریب ٹرین کی زد میں آکر تقریباً 600 بھیڑیں ہلاک ہوگئیں۔ اس واقعہ میں مالک کشتیا کو تقریباً 20 لاکھ روپے کا نقصان ہونے کا اندازہ ہے۔ سرکاری وہپ اور آلیر کے رکن اسمبلی بی ایلیا نے جائے وقوعہ کا معائنہ کیا اور انچارج کلکٹر بھاسکر راؤ سے متاثرہ مالک کو فوری سرکاری امداد فراہم کرنے کو کہا۔

PTC/YB

BANDI

مرکزی وزیر مملکت برائے امورِ داخلہ بنڈی سنجے کمار نے انتخابی ناکامیوں کے بعد کانگریس پارٹی کی جانب سے الیکشن کمیشن اور ای وی ایمس کو نشانہ بنائے جانے پر سخت تنقید کی۔ وزیر اعظم نریندر مودی اور ایس آئی آر عمل کا دفاع کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایس آئی آر انتخابی فہرستوں سے دوہرے اور نااہل ناموں کو حذف کرکے درست ووٹر فہرستیں یقینی بناتا ہے اور اہل ووٹروں کے حقوق کا تحفظ کرتا ہے۔ انہوں نے موجودہ حکومت کا برطانوی دورِ حکومت سے موازنہ کرنے کو بھی مسترد کرتے ہوئے ایسے دعوؤں کو بدنیتی پر مبنی اور بے بنیاد قرار دیا۔

Desk

Medak

میدک ضلع کلکٹر پرتیما سنگھ نے حکام کو ہدایت دی ہے کہ خریف سیزن کے دوران کسانوں کی سہولت کے لئے ضلع بھر کے 518 دھان خریداری مراکز پر تمام ضروری انتظامات مکمل کئے جائیں۔ ضلع میں تقریباً 3.20 لاکھ ہیکٹر رقبہ پر دھان کی کاشت کا اندازہ ہے۔ حکومت نے مقررہ امدادی قیمتوں کے ساتھ خریداری کے لئے ضروری بنیادی سہولیات بھی فراہم کی ہیں، جن میں 51 لاکھ سے زائد گنی بیگز، ترپالیں اور نمی کی پیمائش کرنے والے میٹرس شامل ہیں، تاکہ خریداری کا عمل بلا رکاوٹ جاری رہ سکے۔

PTC/MDK

NYAY ABHIYAAN:

تلنگانہ یوتھ کانگریس نے حیدرآباد کے بنجارہ ہلز میں واقع روی نارائنا ریڈی آڈیٹوریم میں گگ ورکرس نیائے ابھیان کا انعقاد کیا جس میں گگ ورکرس کی فلاح و بہبود اور حقوق پر توجہ مرکوس کی گئی۔ نیشنل یوتھ کانگریس کے انچارج منیش شرما نے گگ ورکرز کے مسائل کی وکالت کرنے پر راہل گاندھی کا ذکر کرتے ہوئے مسلسل حمایت کا وعدہ کیا۔ انھوں نے کہا کہ یوتھ کانگریس گگ ورکرز کے روزگار کے تحفظ، مستقل شناختی کارڈس اور فلاحی مراعات کے لئے جدوجہد کرے گی۔

Desk

Warangal

ہنمکنڈہ ضلع کے محکمہ زراعت کے افسر وجے چندر راؤ نے کسانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ 30 ستمبر کی آخری تاریخ سے قبل ڈیجیٹل فارمر رجسٹری میں اپنا اندراج کرائیں۔ انھوں نے خبردار کیا کہ رجسٹریشن نہ کرانے کی صورت میں کسان مرکزی اور ریاستی حکومت کی فلاحی اسکیموں کے فوائد سے محروم ہو سکتے ہیں۔

PTC/WGL

MANA ANGAWADI

راجنا سرسلہ ضلع کلکٹر گریما اگروال نے ایلاریڈی پیٹ میں نویں پوشن ماہ کے تحت 'مانا آنگن واڑی، مانا بادیتا' پروگرام کے سلسلہ میں 10 منٹ کی آگاہی تقریب کا افتتاح کیا۔انہوں نے عوام پرزور دیا کہ وہ آنگن واڑی مراکز کی خدمات سے استفادہ کریں۔انہوں نے بتایا کہ ضلع میں 586 مراکز تقریباً 40 ہزار مستحقین کو خدمات فراہم کررہے ہیں۔کلکٹر نے ابتدائی بچپن میں غذائیت اورحفظانِ صحت کی اہمیت پربھی زوردیا۔

PTC/RS

○○